Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

جلد ۲۸	مطبوعہ روزِ دوشنبہ تاریخ ۹ محرم الحرام سنہ ۱۳۳۵ھ مطابق ۶ نومبر سنہ ۱۹۱۶ء	نمبر ۴۶

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	نسبت تکمیل معافیٔ اجازت نامہ تعمیر مکانات ...	۱ و ۲
۲	انتظام جگہ نائب محافظ دفتر فوجداری ...	۲

روبکار اجلاس صاحب ہوم سکریٹری بہادر واقع ۲۲ اکتوبر سنہ ۱۹۱۶ء

علاوہ اجازت تعمیر مکانات وغیرہ کی بابت جو درخواستیں میونسپلٹی میں گزرتی ہیں انکی بابت اسوقت تک یہ قاعدہ مرعی ہے کہ ممبر و سپرنٹنڈنٹ حلقہ سے کیفیت طلب ہونے کے بعد میونسپل افسر صاحب بعد تصدیق اجلاس ہذا میں بھیجدیتے ہیں براے مزید اطمینان یہ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ بعد تحریر کیفیت ممبر و سپرنٹنڈنٹ حلقہ جلد درخواستہائے

عطاے اجازت تعمیر مکانات وغیرہ متعلقہ میونسپلٹی سینٹری انجینیر صاحب کے پاس بھیجی جایا کرین سینٹری انجینیر صاحب موقع پر خود جاکر جانچ کرکے اور اپنا نوٹ تحریر کرکے خدمت مین میونسپل افسر صاحب کے بھیجدیا کرین میونسپل افسر صاحب تصدیق کرکے حسب قاعدہ اجلاس بزا مین ارسال کیا کرین۔ ایسی صورت مین اس امر کا اطمینان کافی طور پر ہو جائیگا کہ ممبر و سپرنڈنٹ حلقہ نے جو کیفیت تحریر کی ہے صحیح ہے بابت انجام خدمات مذکورۂ بالا سینٹری انجینیر صاحب کا الاؤنس کچھ عرصہ کے بعد بلحاظ کام مقرر کیا جائیگا۔ لہذا

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا اطلاعاً و تعمیلاً خدمت مین میونسپل افسر صاحب کے مرسل ہو اور ایک نقل روبکار برائے تعمیل سینٹری انجینیر صاحب کے پاس بھیجی جائے اور ایک نقل روبکار برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

واقع ۲۲ اکتوبر سنہ ۱۹۱۶ء

منشی کلب حسن خان نائب محافظ دفتر فوجداری بمنشاء حکم بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم سب انسپکٹر صیغۂ پولیس مین مامور ہوے ہین۔ لہذا حسب تحریر صاحب ریونیو سکریٹری بہادر منشی کلب حسن خان نائب محافظ دفتر کی ملازمت صیغۂ پولیس کو منتقل کیجاے۔ اور بجاے اُنکے حسب ذیل انتظام کیا جاتا ہو۔

(۱) منشی آغا نواب اہلمد فوجداری ضلع شاہرہ دار سولہ روپیہ باضافہ دو روپیہ ماہوار نائب محافظ دفتر فوجداری مقرر ہو۔

(۲) بجاے منشی آغا نواب انوار رسول محرر شمول محافظ خانہ فوجداری تبدیل ہو۔

(۳) ابرار حسین اپرنٹس جو سب سے پرانا ہو وہ امتحاناً بلا شرط چھ ماہ بشاہرہ دس روپیہ ماہوار بجاے انوار رسول محرر شمول محافظ خانہ فوجداری مقرر کیا جاے۔

(۴) منشی جمیل احمد اہلمد فوجداری کی تنخواہ مین تین روپیہ ماہوار اور محمد علی خان و احمد سعید خان اہلمد کی تنخواہ مین دو دو روپیہ ماہوار اور چمن لال اہلمد کی تنخواہ مین ایک روپیہ ماہوار اضافہ کیا جاے۔

حکم ہوا کہ

احکام ضابطہ جاری ہون۔

صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

مطبع ریاست رامپور مین چھپکر شائع ہوا